صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز سوموار مورخہ 25 جون 2012ء بمطابق 4 شعبان 1433ہجری بعداز دوپہر چھ بجے منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، کرامت اللہ خان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِٱللَّهِ مِنَ ٱلشَّيۡطَـٰنِ ٱلرَّجِيمِ۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ

فَأَقِمۡ وَجۡهَكَ لِلدِّينِ حَنِيفً۬ا‌ۚ فِطۡرَتَ ٱللَّهِ ٱلَّتِى فَطَرَ ٱلنَّاسَ عَلَيۡہَا‌ۚ لَا تَبۡدِيلَ لِخَلۡقِ ٱللَّهِ‌ۚ ذَٲلِكَ ٱلدِّينُ ٱلۡقَيِّمُ وَلَـٰكِنَّ أَڪۡثَرَ ٱلنَّاسِ لَا يَعۡلَمُونَO " مُنِيبِينَ إِلَيۡهِ وَٱتَّقُوهُ وَأَقِيمُواْ ٱلصَّلَوٰةَ وَلَا تَكُونُواْ مِنَ ٱلۡمُشۡرِكِينَO مِنَ ٱلَّذِينَ فَرَّقُواْ دِينَهُمۡ وَكَانُواْ شِيَعً۬ا‌ۖ كُلُّ حِزۡبِۭ بِمَا لَدَيۡہِمۡ فَرِحُونَ۔

(ترجمہ): سو تم یکسو ہو کر اپنا رخ اس دین کی طرف رکھو اللہ کی دی ہوئی قابلیت کا اتباع کرو جس پر اللہ تعالیٰ نے لوگوں کو پیدا کیا ہے اللہ تعالیٰ کی اس پیدا کی ہوئی چیز کو جس پر اس نے تمام آدمیوں کو پیدا کیا ہے بدلنا نہ چاہیئے پس سیدھا دین یہی ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔ تم خدا کی طرف رجوع ہو کر فطرت الٰہیہ کا اتباع کرو اور اس سے ڈرو اور نماز کی پابندی کرو اور شرک کرنے والوں میں سے مت رہو۔ جن لوگوں نے اپنے دین کو ٹکڑے ٹکڑے کر لیا اور بہت سے گروہ ہو گئے ہر گروہ اپنے اس طریقہ پر نازاں ہے جو ان کے پاس ہے۔ وآخِرُ الدَعۡوَانا أَنِ ٱلۡحَمۡدُ لِلَّهِ رَبِّ ٱلۡعَـٰلَمِينَ

جناب سپیکر: جزاکم اللہ۔

اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: ان معزز اراکین نے رخصت کیلئے درخواستیں ارسال کی ہیں جن میں: حافظ اختر علی صاحب 25-06-2012تا26-06-2012، غنی داد خان 25-06-2012، سید جعفر شاہ صاحب 25-06-2012تا28-06-2012، وجیہہ الزمان خان صاحب 25-06-2012، حاجی ہدایت اللہ خان صاحب 25-06-2012، یاسمین پیر محمد خان 25-06-2012، مرید کاظم شاہ صاحب 25-06-2012، راجہ فیصل زمان صاحب 25-06-2012، جاوید عباسی صاحب 25-06-2012، ثناء اللہ خان میانخیل صاحب 25-06-2012، سمیع اللہ خان علیزئی صاحب 25-06-2012، عنایت اللہ خان جدون صاحب25-06-2012۔

Is it the desire of the House that the leave may be granted?

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The leave is granted.

ضمنی بجٹ برائے مالی سال2011-12 پر بحث ورائے شماری

Mr. Speaker: Minister for livestock, please move your Demand No. 23.

قاضی محمد اسد خان (وزیر برائے اعلیٰ تعلیم): Sir, on behalf of Minister for livestock

میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ -/50 روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دیدی جائے جو کہ 30 جون 2012ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران محکمہ ماہی پروری کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

Mr. Speaker: The motion moved that a sum not exceeding rupees 50 only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2012, in respect of Fisheries.

Now the question before the House is that Demand moved by the honourable Minister may be granted? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The Demand is granted. The hon`able Minister for Irrigation, please move your Demand No. 24.

سید احمد حسین شاہ (وزیر آبپاشی): شکریہ جناب سپیکر۔ میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 31 کروڑ 37 لاکھ 74 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دیدی جائے جو کہ 30 جون 2012ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران آبپاشی کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

Mr. Speaker: The motion moved_that a sum not exceeding rupees 31 crore, 37 lac, 74 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2012, in respect of Irrigation.

مفتی کفایت اللہ: جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: جی، مفتی صاحب۔ آپ کے ہاں تو ایریگیشن ہے نہیں، آپ کس پر بات کر رہے ہیں؟

مفتی کفایت اللہ: شکریہ جناب سپیکر۔ منسٹر ایریگیشن بالکل صاف، شفاف، تازہ اور نئے ہیں اور ابھی پوری کمانڈ بھی انہوں نے نہیں سنبھالی ہوگی اپنے محکمے کی لیکن چونکہ Competent آدمی ہیں اور قابل آدمی ہیں تو مجھے امید ہے کہ وہ مجھے مایوس نہیں کریں گے۔ ایک تو بہت بڑا مسئلہ ہوا تھا بلا مبٹ ایریگیشن کا اور میں نے کہا تھا کہ یہ ایریگیشن سکیم مکمل نہیں ہے، بہت زیادہ وثوق سے میں نے کہا تھا۔ مجھے آنریبل بشیر خان بلور نے یہ جواب دیا ہے کہ یہ مکمل ہے اور ایک سیکرٹری کی انہوں نے تحریر بھی مجھے دکھائی بعد میں، کہ یہ مکمل ہے۔ اللہ تعالیٰ بھلا کرے جناب زمین خان کا، زمین خان نے کھڑے ہو کر میرے موقف کی تائید کی ہے کہ یہ تو مکمل نہیں، نامکمل ہے اور جناب سپیکر، ایک بہت عجیب بات یہ ہے کہ وزیراعلیٰ محترم گئے ہیں اس کے افتتاح کیلئے اور وزیراعلیٰ کو سکیم سے بہت دور لے جایا گیا، سکیم پر وہ نہیں گئے۔ جہاں افتتاح کیا اور جہاں سکیم ہے، وہ دور دور ہیں۔ میں نے مصدقہ اطلاعات پر جب یہ کہا تو مجھے بشیر خان بلور نے یہ جواب دیا کہ یہ سکیم مکمل ہے اور Already اس کا افتتاح ہو چکا ہے۔ اب زمین خان کی اس تائید کے بعد یہ سمجھ میں آگیا ہے کہ معزز وزیر کو غلط انفارمیشن دی گئی ہے اور یہاں ایوان کا استحقاق، مجھے کسٹوڈین کی توجہ بھی چاہیئے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی جی، بسم اللہ، میں سن رہا ہوں، آپ کو سن رہا ہوں۔

مفتی کفایت اللہ: ایوان کا استحقاق مجروح اس طرح ہوتا ہے کہ ایوان کو غلط اطلاع دی گئی، یہ معزز ایوان ہے اس صوبے کا، اگر یہاں غلط اطلاع دی جاتی ہے اور ذمہ دار لوگ یہ کام کرتے ہیں تو فارسی میں کہا جاتا

ہے "چوں کفر از کعبہ برخیزد کجا ماند مسلمانی"، اگر یہاں سچ اور جھوٹ کو خلط ملط کیا جائے اور غلط انفارمیشن دی جائے تو پھر ہم ٹھیک انفارمیشن کہاں سے مانگیں گے؟ مجھے امید ہے کہ یہ تو خود بھی انہوں نے سوچا ہوگا اور مجھے تسلی کیلئے کوئی ایسی انکوائری دیں گے کہ اس میں اسسٹنٹ، نیچے سات سکیل، آٹھ سکیل کے لوگ اس میں پریشان نہ ہوں بلکہ سیکرٹری لیول کے آدمی کو اگر آپ سسپنڈ کرتے ہیں انکوائری کے بعد اور اس کو معطل کرتے ہیں تو یہ ایک مثال بن جائے گی کہ آئندہ کوئی بھی آدمی غلط انفارمیشن شیئر نہیں کرے گا۔ جناب سپیکر، دوسری بات یہ ہے کہ ہمارے ہاں سرن میں رائیٹ بنک کینال ہے، ہم اس کیلئے بہت کوشش کرتے رہے اور ہم اپنے نمائندوں سے کہتے رہے کہ اس کو ECNEC میں ڈال دیا جائے، بہت مشکل سے اس کی فیزیبلٹی آگئی ہے، اب ہمارا بھی تو اثر ہے، تھوڑا وقت رہتا ہے، مغرب قریب ہے تو میں منسٹر موصوف صاحب سے یہ بھی پوچھونگا کہ اس کی ذاتی دلچسپی بھی ہوگی تو مجھے اس بارے میں کس طرح وہ تسلی دیتے ہیں، میں ذرا ان کو سنوں گا تو اس کے بعد میں فیصلہ کرونگا۔

جناب بشیر احمد بلور {سینیئر وزیر (بلدیات)}: سپیکر صاحب! زه یو عرض د دې باره کښې وکړم۔

جناب سپیکر: ودریږه جی دا لودھی صاحب چې واورو نو بیا ده پسې به تاسو جواب ورکړئ۔

حاجی قلندر خان لودھی: شکریہ، جناب سپیکر۔ صوبائی گورنمنٹ نے پورے صوبے کیلئے ECNEC سے 20 سمال ڈیم منظور کرائے تھے۔ اس میں ایک میرے حلقے میں چمک میرا U / C چمہڈ میں ایک سمال ڈیم تھا، اس کیلئے فیزیبلٹی رپورٹ بھی ہوگئی، وہاں گئے، دو تین مہینے وہاں مشینیں بھی گئیں، انہوں نے جائزہ بھی لیا، انہوں نے اس کو Feasible کیا، اب اس کے بعد نہ مجھے وہ سکیم مل رہی ہے، نہ مجھے اس کا کوئی جواب صحیح مل رہا ہے کہ بھئی وہ سکیم ہوگئی ہے یا کہ نہیں ہوگئی ہے؟ کیونکہ میں نے لوگوں میں اناؤنس کر دیا کہ مجھے صوبائی گورنمنٹ نے، یہ یہ Approved ہوگئی ہے اور یہ سکیم دے دی ہے اور بڑی سکیم ہے، 22، 25 کروڑ کی سکیم ہے، اب اس کا مجھے معلوم نہیں ہے، تو میں نے وزیر صاحب سے ریکویسٹ بھی کی تھی کہ اس کا ذرا پتہ کر کے مجھے جواب دیں تاکہ مجھے آج اس کا صحیح جواب مل جائے۔

جناب سپیکر: جی آنریبل بشیر بلور صاحب، پہلے ان کا۔

سینیئر وزیر (بلدیات): سپیکر صاحب! بڑی مہربانی۔ مفتی صاحب نے فرمایا، جیسے کہ انہوں نے کہا مجھے اس وقت In writing دیا گیا تھا کہ وہ Complete ہے، میں نے پھر جا کر سی ایم صاحب کو وہ لیٹر دیا، انہوں نے کہا کہ انکوائری کریں گے، جس آفیسر نے یہ غلط رپورٹنگ کی ہے اس کے خلاف ایکشن بھی لیا جائے گا اور یہاں پر فلور آف دی ہاؤس ہمارے فنانس منسٹر صاحب نے بھی یہ کہا تھا کہ Complete ہے مگر کوالٹی وائز بہت خراب ہے تو اس کیلئے بھی کمیٹی بنائی ہوئی ہے، اس کی کوالٹی بھی چیک کریں گے۔ باقی جو آپ کے کوئسچنز ہیں، اس کا جواب ایریگیشن منسٹر صاحب دیں گے، میں صرف اپنی Self explanation کر رہا تھا۔

(اس مرحلہ پر جناب وزیر اعلیٰ ایوان میں تشریف لے آئے)

(تالیاں)

جناب سپیکر: جی آنریبل منسٹر فار ایریگیشن، پلیز۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: جی ان کی بھی سنیں، نلوٹھا صاحب کی خیر ہے جی۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: سپیکر صاحب! میں شکریہ ادا کرونگا، منسٹر صاحب۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: آج آپ نے وزیر اعلیٰ صاحب کو دیکھ لیا، بس سب اٹھیں گے آج، حالانکہ اس دن سب آرام سے بیٹھے تھے۔ ابھی آپ کے پیچھے نصیر محمد بھی ہاتھ اٹھا رہا ہے، سب اٹھا رہے ہیں۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: میں کوئی مطالبہ سپیکر صاحب! نہیں کرونگا، میں منسٹر صاحب کا، وزیر اعلیٰ صاحب بھی آ گئے ہیں، حکومت کا میں شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے اس سال کی اے ڈی پی میں میرے حلقے میں کیالہ ڈیم کی منظوری دی، میں اس پر ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

جناب سپیکر: تھینک یو جی۔ نصیر محمد خان خو به یو خبره کوی قیصه به نه کوی، جی نصیر محمد خانه!

جناب نصیر محمد میداد خیل: تا سو څه عرض وکړو؟ حکم وکړو سر؟۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی بسم اللہ، بسم اللہ جی۔

جناب نصیر محمد میداد خیل: شکریہ جی۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: مونږ د غرق کړو، مونږه د لکی ته بوتلو او پخپله بیا غائب وي۔

جناب نصیر محمد میداد خیل: تاسو جی هیلی کاپټر کښې راغلی وئ او مونږه پیدل-----

جناب سپیکر: دومره صفتونه د کول۔

جناب نصیر محمد میداد خیل: مونږ پیدل روان وو، تاسو هوا کښې لاړئ او بیا راغلئ سر۔ چې مونږ د رتلو تاسو راغلی وئ جی۔

جناب سپیکر: نہیں، آپ لوگوں نے کہا تھا کہ بس اتنا ٹھنڈا ہے، نتھیا گلی سے ٹھنڈا ہے اور نتھیا گلی سے اونچا ہے اور ایسا سر سبز ہے اور یہ ہے وہ ہے۔ میں نے خود جا کر، میں نے سب کچھ دیکھ لیا، میں اس پر بعد میں بات کرونگا، میں اس کے بعد بات کرونگا، میرے دو دن آپ لوگوں نے برباد کر دیئے جی۔

جناب نصیر محمد میداد خیل: شکریہ جناب سپیکر۔ پہلے تو ہم یہی گلہ آپ سے کریں گے کہ آپ ہمارے حلقے میں آئے اور حلقہ میرا اور مجھے اطلاع تک نہیں اور پھر آپ کہتے ہیں کہ میں نے دیکھ لیا-----

جناب سپیکر: آپ شکریہ، آپ شکریہ ادا نہیں کرتے کہ آپ-----

جناب نصیر محمد میداد خیل: ہم مانتے ہیں کہ آپ بڑے لوگوں کی دعوت پر آئے تھے، کم از کم ہمیں بھی اطلاع کر دیتے-----

جناب سپیکر: نہیں نہیں، دعوت نہیں تھی۔

جناب نصیر محمد میداد خیل: ہم بھی آپ کے استقبال کیلئے وہاں حاضر ہوتے، کم از کم ایک ہار تو پہنا دیتے لیکن آپ کو ہمارا ہار پہنانا بھی شاید اچھا نہیں لگا-----

جناب سپیکر: وہ میں آؤنگا، جب میں نے کچھ دیکھا ہے تو اس کیلئے۔

جناب نصیر محمد میداد خیل: یہی تو ہمیں گلہ ہے کہ جی، ہمیں-----

جناب سپیکر: وزیر اعلیٰ صاحب آج آئے ہیں۔

جناب نصیر محمد میداد خیل: وہاں سے فون آ رہے تھے کہ سپیکر صاحب آئے تھے اور انور خان کے ساتھ اوپر بھی چڑھ گئے اور نیچے بھی آ گئے اور ہمیں پتہ تک نہیں چلا، بہر حال جناب سپیکر-----

جناب سپیکر: میں آپ کا پر فضاء مقام دیکھنے آیا تھا۔

جناب نصیر محمد میداد خیل: ہمارے لئے تو وہی پر فضاء ہے جی جو ہمارے نصیب میں ہے، اس جگہ کو ہم بہتر سمجھتے ہیں------

جناب سپیکر: جی بسم اللہ پڑھیں، جی پڑھیں جو کچھ کہنا ہے، آج پڑھیں۔

جناب نصیر محمد میداد خیل: اچھا جی۔ جناب سپیکر، چونکہ یہ ایریگیشن سے متعلقہ کٹ موشنز ہیں لیکن اس وقت ہمارے چیف منسٹر صاحب تشریف فرما ہیں اور شاید لگتا ایسا ہے کہ آخری دن بھی ہے تو یہ شاید ہماری خوش قسمتی ہے کہ ہماری کٹ موشنز پر وزیر اعلیٰ صاحب خود یہاں پر تشریف فرما ہیں، میں جناب سپیکر، ایریگیشن کے ساتھ ساتھ دو تین اور نکات بھی اٹھاؤنگا اور آپ کے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں نہیں، آپ صرف اس کٹ موشن پر، ایریگیشن میں کیا مسئلہ ہے، وہ اٹھالیں۔

جناب نصیر محمد میداد خیل: بس جی میں یہ اٹھاؤنگا کہ دو تین الفاظ میں میں اپنی تقریر ختم کرونگا۔ نمبر ایک ایریگیشن میں میں نے پہلے بھی عرض کیا تھا کہ ہمارا علاقہ بھی رود کوہی کے نظام میں شامل کیا جائے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: رود کوہی؟

جناب نصیر محمد میداد خیل: رود کوہی، یہ جو پہاڑ سے پانی آتا ہے، پہاڑ تو الحمد للہ آپ نے دیکھ لیے ہیں، اس سے جو پانی آتا ہے تو اس کے ذریعے سے ہماری زمینیں سیراب ہوتی ہیں اور اس کو اے ڈی پی میں صرف دو اضلاع کو شامل کیا گیا ہے، تیسرے ضلع لکی مروت کو بھی اے ڈی پی کی اس شق میں یا اس کلاز میں شامل کر دیا جائے۔ جناب سپیکر، آپ کے توسط سے میں محترم وزیر اعلیٰ صاحب سے یہ پوچھونگا کہ پچھلے سال اسی مقام پر انہوں نے ایک انکوائری کا وعدہ کیا تھا اور میں نے ان کو درخواست بھی دی، انکوائری 'مارک' بھی ہوئی لیکن جس طرح پورے ملک میں ہم سنتے ہیں کہ وزیر اعظم صاحب اور وزیر داخلہ انکوائری کا حکم تو دے دیتے ہیں، بعد میں انکوائری کا پتہ نہیں چلتا، ایک سال گزرنے کے بعد آج پھر اسی طرح بجٹ کا موقع ہے تو میں محترم وزیر اعلیٰ صاحب سے یہ پوچھنا چاہونگا کہ جو Application میں نے دی تھی اور اس میں میں نے ثبوت بھی دیئے تھے کہ وہ سکیم سرکاری اہلکاروں کے ذریعے سے پایہ تکمیل تک پہنچ رہی ہے، کیا سرکاری اہلکاروں کو ٹھیکیداری کے کام کی بھی اجازت ہے، حکومت دے رہی ہے؟ اگر دے رہی ہے تو ہمیں بھی بتا دیا جائے تاکہ پورے جہاں پہ ہمارے جتنے بھی سرکاری اہلکار ہیں، وہ اپنا بھی کاروبار چلا سکیں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ٹھیک ٹھیک۔

جناب نصیر محمد میداد خیل: دوسری بات، یہ ابھی جو یہاں پر تلاوت کی گئی، اس میں جو ترجمہ کیا گیا، اللہ سے ڈرتے رہو، کیا واقعی ہم اللہ سے ڈرتے ہیں؟ بحیثیت مسلمان ہمارا یہ یقین ہے کہ اللہ ہمارا مالک ہے، ہم

نے زیاد درانی کی طرح ایک دن اس کے پاس جانا ہے۔ میں یہ بھی پوچھنا چاہوں گا کہ زکواۃ جو حقوق العباد کے زمرے میں آتی ہے اور زکواۃ کے محکمے کو، زکواۃ کو گڑ کی ریوڑیوں کی طرح ہمارے حکمران غلط طریقے سے استعمال کر رہے ہیں، اس کو غریبوں تک نہیں پہنچایا جا رہا اور وہ درمیان میں کہیں اور چلی جاتی ہے۔ میں یہ بھی پوچھنا چاہوں گا۔۔۔۔

جناب سپیکر: ابھی، ابھی خالی ایریگیشن کی طرف آجائیں۔

جناب نصیر محمد میداد خیل: ایریگیشن پر میں نے پہلے بھی عرض کیا تھا، میں اظہار کر چکا ہوں کہ ہمارا باران ڈیم پی ڈی ڈبلیو پی کی طرف چلا گیا ہے، میری درخواست ہو گی کہ اس کو دوبارہ، اس کو۔۔۔۔

جناب سپیکر: پیچھے آرہا ہے، اس کے بعد اگر کوئی ضروری بات ہوئی تو میں آپ کو موقع ضرور دوں گا۔

جناب نصیر محمد میداد خیل: میں نے رود کوہی کہہ دیا جناب سپیکر۔۔۔۔

جناب سپیکر: رود کوہی سسٹم میں اس کو جگہ دے دیں، ٹھیک ہے۔

جناب نصیر محمد میداد خیل: اور دوسری بات، میں ایک اور بات کروں گا، آخری بات، اس کے بعد ختم کروں گا کہ میرے پاس یہاں Applications پڑی ہوئی ہیں، میں نے چیف منسٹر، ہمارے پبلک ہیلتھ کی سروسز کیلئے 40 میل دور بندے لگائے گئے ہیں، 40 میل دور، یہ میرے پاس ریکارڈ موجود ہے، چاہیں تو آپ کو دیکھ سکتے ہیں، پہلے دن آپ نے کہا تھا کہ آپ Pursue نہیں کرتے، اسی محترم چیف منسٹر صاحب نے لکھ کر دیا کہ انکوائری، No result اور وہ بندے بھی بھرتی ہوئے، 40 میل دور ایک بندہ ایک ٹیوٹ ویل پر بھرتی ہو رہا ہے، اس کا باپ بھی اس ٹیوب ویل تک نہیں پہنچ سکتا۔

جناب سپیکر: جی ملک قاسم خان! تا څه وئیل؟

ملک قاسم خان خٹک: شکریہ جناب سپیکر۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ منسٹر صاحب بڑے شہنشاہ انسان ہیں، میں ریکویسٹ کروں گا، وزیر اعلیٰ صاحب بھی تشریف فرما ہیں کہ ضلع کرک 1982 میں ضلع بنا ہے اور دو بار اسی اسمبلی کے فلور پہ مجھے ایشورنس دلائی گئی کہ ضلع کرک میں ایریگیشن کے دفاتر ہونگے، آج چھ ڈیمز تقریباً کام کر رہے ہیں وہاں پہ مگر ایریگیشن کا ایگزیکٹیو انجینئر آفس ابھی تک وہاں نہیں ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ٹھیک ٹھیک۔

ملک قاسم خان خٹک: تو میں منسٹر صاحب سے ریکویسٹ کروں گا کہ اس کا کیا پروگرام ہے، ابھی بھی۔۔۔۔

Mr. Speaker: Ji, honourable Minister for Irrigation, please.

سید احمد حسین شاہ (وزیر آبپاشی): شکریہ جناب سپیکر! اور میں اپنے Colleagues کا مشکور ہوں، شکریہ ادا کرتا ہوں کہ ان کی وجہ سے چند باتیں ایریگیشن کے بارے میں آج کرنے کا موقع ملا اور سب سے پہلے تو یہ کہ میں نے نیا Portfolio لیا ہے ایریگیشن کا، اس کیلئے میں چیف منسٹر صاحب کا اور اپنی پارٹی کا مشکور ہوں کہ جنہوں نے ایک انتہائی Important department مجھے Entrust کیا ہے اور ان شاء اللہ تعالیٰ ہمارے جو رہنما ہیں، سارے ان کی موجودگی میں اور ان کی گائیڈنس کے ساتھ پوری کوشش ہوگی کہ ایریگیشن میں جتنا بہتر طریقے سے کام کیا جا سکے، اسے ہم کریں کیونکہ ایریگیشن ایک انتہائی Important department بھی ہے اور تمام لوگوں کا اور تمام میرے ایم پی ایز کا بھی اور تمام عوام کا بھی Concern ہے کیونکہ اس میں ہم زمینوں کو سیراب کرنے کیلئے نہریں اور اس طرح کے کام کر رہے ہیں اور میں سمجھتا ہوں کہ ایریگیشن کو اگر زیادہ سے زیادہ Resources دیئے جائیں تو ہمارے صوبے کی Food security ensure کرنے والا واحد ڈیپارٹمنٹ، آپ کی گورنمنٹ کے اندر ایریگیشن ہے اور ایریگیشن، ایگریکلچر اور فوڈ آپس میں Interlink departments ہیں، ہم ایک دوسرے کے ساتھ مل کر چلیں تو ہم اپنے اس صوبے کیلئے بہت زیادہ اچھا کام اور بہتر کام کر سکتے ہیں تو میری گزارش یہی ہوگی کہ اس گورنمنٹ کے باہر بھی اور اس گورنمنٹ کے اندر بھی کافی وسائل چیف منسٹر صاحب نے مہیا کئے ہیں، ہم ایریگیشن کیلئے اور اس گورنمنٹ کے بعد بھی زیادہ تر اگر ہم نظر اپنی ایریگیشن ہی پہ رکھیں تو ہمارے صوبے کی فوڈ سیکورٹی کا ایک واحد ذریعہ جو ہے، وہ ایریگیشن ڈیپارٹمنٹ ہے۔ چند ایک باتیں جو یہاں پر ہوئیں، جیسے مفتی صاحب نے فرمایا، بلامبٹ ایریگیشن کے بارے میں جس کی Completion report ہمارے پاس ہے اور جو میں نے Briefing لی اپنے ڈیپارٹمنٹ سے، اس کے مطابق تقریباً آدھی نہر کے اندر پانی چھوڑا گیا ہے، Trial basis کے اوپر اور ہمارا Trial basis چھ ماہ سے لیکر ایک سال تک ہوتا ہے۔ اس میں یہ دیکھتے ہیں کہ اگر کوئی Leakages وغیرہ ہوں تو ان کو Repair کیا جا سکے اور آدھی کینال کے اوپر ابھی پانی نہیں چھوڑا گیا، بہر حال ہمارے کافی سارے ایم پی ایز کا جو Concern ہے، ان علاقوں کا ہے، ان کی یہ شکایت تھی، کچھ کہہ رہے تھے کہ Incomplete ہے، کچھ کہہ رہے تھے، اس کی کوالٹی کم ہے تو اس چیز کو حل کرنے کیلئے اور اس کو منظر عام پر لانے کیلئے فنانس منسٹر صاحب نے بھی یہاں پر Commit کیا تھا، ہمایون خان صاحب نے اپنی سپیچ میں کہ اس کے اوپر ہم انکوائری کمیٹی بنائیں گے۔ بلور صاحب نے بھی مجھے یہی کہا کہ اس کے اوپر انکوائری کمیٹی بنائی جائے تاکہ

صاف بات سامنے آئے، تو اس کیلئے ہم نے انکوائری کمیٹی بنائی ہے جس کے چیئرمین ہمارے ثاقب چمکنی صاحب، ایم پی اے ہیں اور ساتھ میں زمین خان جو DDAC کے چیئرمین بھی ہیں اور ایک ممبر کی حیثیت سے کام کریں اور اسی طرح دو آفیسرز ہمارے ایریگیشن ڈیپارٹمنٹ سے اور دو آفیسرز ہمارے سی اینڈ ڈبلیو ڈیپارٹمنٹ سے، اس انکوائری کی میں نے ٹیم بنا دی ہے، ان شاء اللہ بہت جلد اس کی جو بھی انکوائری رپورٹ آئے گی تو اپنے بھائیوں کے ساتھ بھی شیئر کریں گے اور اس اسمبلی کے اندر بھی ان شاء اللہ تعالیٰ لے کر آئیں گے۔ Transparent طریقے سے کام اس کے اندر کریں اور ان شاء اللہ آپ کو کوئی شکایت اس سلسلے میں نہیں ہوگی۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> شکریہ جی، تھینک یو۔ یہ دوسری رود کوہی والی کوئی بات بھی۔

<u>وزیر آبپاشی:</u> اور سر، میں نلوٹھا صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہوں، ان کے علاقے میں جو ڈیم کی بات ہوئی ان شاء اللہ اگلے مہینے اس کے ٹینڈرز بھی ہو جائیں گے اور وہاں پہ ڈیم کا کام شروع ہو جائے گا۔ (تالیاں) نصیر محمد خان صاحب نے جو بات کی رود کوہی سسٹم کی، باران ڈیم کی، تو ان شاء اللہ میں نصیر محمد خان صاحب کے ساتھ بیٹھ کر ان کی مشاورت سے ان دونوں چیزوں پہ کام کریں گے اور ان کو آگے لیکر چلیں گے، اور ملک قاسم صاحب نے جو ایکسیئن ایریگیشن کے آفس کی بات کی ہے، کیونکہ آفس بنانے کیلئے ہمیں Analyses کرنا پڑتے ہیں اور اس کے ایک سسٹم کو Setup کرنا پڑتا ہے اور اس کی فیزیبلٹی دیکھنا پڑتی ہے کہ اس علاقے میں ہم Independent ایکسیئن کا آفس بنا سکتے ہیں یا نہیں؟ تو بہر حال میرا آپ سے وعدہ ہے کہ ان شاء اللہ اس کے اوپر بھی کام کر کے تو آپ کو Positive صورت میں اس کو حل کریں۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> شکریہ، تھینک یو جی۔

<u>وزیر آبپاشی:</u> میں شکریہ ادا کرتا ہوں اور قلندر لودھی صاحب نے فرمایا سال ڈیم چمک میرہ کے بارے میں، آپ نے مجھے پہلے بھی کہا تھا، میں نے اپنے آفیسرز کو بتا دیا ہے، ان شاء اللہ دو چار دنوں میں اس کی بالکل کلیئر رپورٹ کہ ہمیں اس کی سکیم فیڈرل گورنمنٹ سے آئی ہے یا نہیں آئی یا اس کے اوپر ہم کب کام شروع کر رہے ہیں؟ دو چار دنوں میں کلیئر اس کی جو پوزیشن ہے، ہم آپ کو ان شاء اللہ بتا دیں گے اور اس کے ساتھ ہی سارے اپنے بھائیوں سے گزارش کروں گا کہ اپنی کٹ موشنز واپس لے لیں، ان شاء اللہ کوشش ہماری یہ ہوگی کہ جتنا بہتر طور پر ہم ایریگیشن میں کام کر سکیں، ان شاء اللہ کریں گے۔

<u>Mr. Speaker:</u> Thanks. Now the question before the House is that the Demand moved by the honourable Minister may be granted? Those

who are in favour of it may say 'Ayes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The Demand is granted. Honourable Minister for Industries and Commerce, please move Demand No. 25. Ji, honourable Law Minister, on behalf of Minister for Industries.

بیرسٹر ارشد عبداللہ (وزیر قانون): شکریہ جناب سپیکر۔ میں ایک تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 53 لاکھ 62 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دیدی جائے جو کہ 30 جون 2012ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران صنعت و حرفت کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

Mr. Speaker: The motion moved that a sum not exceeding rupees 53 lac, 62 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2012, in respect of Industries.

Now the question before the House is that Demand moved by the honourable Minister may be granted? Those who in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The Demand is granted. Honourable Minister for Mineral Development, to please move his Demand No. 26.

جناب محمود زیب خان (وزیر معدنیات، معدنی ترقی): جناب سپیکر! میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ -/110 روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دیدی جائے جو 30 جون 2012ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران معدنی ترقی و انسپکٹریٹ آف مائنز کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

حاجی قلندر خان لودھی: جناب سپیکر! اگر اجازت ہو۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی لودھی صاحب! مختصر جی، مختصر ایک بات۔

حاجی قلندر خان لودھی: شکریہ جناب سپیکر۔ میرے حلقے میں یہ منرلز ہیں، فاسفیٹ وغیرہ نکل رہی ہے، پچھلے دنوں واقعہ بھی ہوا تھا جس میں گیارہ آدمیوں کی کیجولٹی ہو گئی تھی۔ میں مشکور ہوں گورنمنٹ کا،

ایک جمعہ کو وہ لوگ Expire ہوئے، دوسرے جمعہ تک مجھے ان کے Cheques بھی مل جائیں گے لیکن اس میں پھر روڈز کے ٹینڈرز بھی اب انہوں نے کر دیئے ہیں، وہ بھی میں گورنمنٹ کا مشکور ہوں لیکن اس میں ایک بڑی عام بات ہے جو میں پچھلے سیشن سے، دو تین سال سے لگا آرہا ہوں کہ یہ ایک بڑی پراپرٹی ہے، ایک بڑی انکم والا Source ہے گورنمنٹ کیلئے تو اس کے ریونیو کا کوئی مسئلہ نہیں ہے تو میں ان کو ہمیشہ یہ کہتا ہوں، پی سی ون وغیرہ بھی سی اینڈ ڈبلیو کے پاس پڑا ہوا ہے، میں نے منسٹر صاحب سے کئی دفعہ میٹنگز بھی کی ہیں، وہاں Weight scale گورنمنٹ کی طرف سے لگ جائے، جسے کانٹا کہتے ہیں تاکہ ہمیں پتہ چل جائے کہ ہمارا کتنا Deposit ہو رہا، کتنی نکل رہی ہے اور لوگ کتنی اس میں سے چوری کر رہے ہیں اور پھر آئندہ کیلئے جب آکشن ہو تو گورنمنٹ کے پاس ایک ریکارڈ ہو کہ ہمارے پاس اتنی ہے تو وہ اربوں کا کروڑوں کا مسئلہ اس میں، تو اگر یہ مہربانی کریں، کیونکہ سی اینڈ ڈبلیو کے ذمہ دار بھی بیٹھے ہیں، چیف منسٹر صاحب بھی سن رہے ہیں، اور منرلز کے، تو یہ تھوڑا سا اس میں کر دیں، بیس پچیس-----

<u>جناب سپیکر:</u> جی منسٹر صاحب، آنریبل منسٹر صاحب، پلیز۔

<u>وزیر معدنیات، معدنی ترقی:</u> جناب سپیکر! لودھی صاحب سے ہم نے بات کی تھی اور پہلے بھی اس پہ ہماری اور لودھی صاحب کی میٹنگ بھی ہو گئی تھی۔ اصل میں یہ مسئلہ ہائی کورٹ میں ہے، پشاور ہائی کورٹ میں Stay ہے اور لودھی صاحب کی جو Proposal ہے، اس کو ہم ان شاء اللہ جلد از جلد سمری کی شکل میں بھیجیں گے سی ایم صاحب کو اور وہاں پر کانٹا لگانے کی کوشش کریں گے ان شاء اللہ۔

<u>Mr. Speaker</u>: Thank you. The motion moved that a sum not exceeding rupees 110 only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2012, in respect of Mineral Development and Inspectorate of Mines.

Now the question before the House is that Demand moved by the honourable Minister may be granted? Those who in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

<u>Mr. Speaker</u>: The 'Ayes' have it. The Demand is granted. Honourable Minister for Industries, please move your Demand No. 27.

وزیر قانون: جناب، میں ایک تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 70 لاکھ 44 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دیدی جائے جو کہ 30 جون 2012ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران سرکاری چھاپہ خانہ کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

Mr. Speaker: The motion moved that a sum not exceeding rupees 70 lac, 44 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2012, in respect of Government Printing Press.

Now the question before the House is that Demand moved by the honourable Minister may be granted? Those who in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The Demand is granted. Honourable Minister for Population Welfare, please move Demand No. 28. Honourable Minister, Excise and Taxation, please move on behalf of Minister for Population.

جناب لیاقت علی شباب (وزیر آبکاری و محاصل): Thank you, Mr. Speaker. On behalf of Minister for Population Welfare میں ایک تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ -/140 روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دیدی جائے جو کہ 30 جون 2012ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران بہبود آبادی کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

Mr. Speaker: The motion moved that a sum not exceeding rupees 140 only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2012, in respect of Population Welfare.

Now the question before the House is that Demand moved by the honourable Minister may be granted? Those who in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The Demand is granted. The honourable Minister for Mineral Development, please move Demand No. 29.

جناب محمود زیب خان (وزیر معدنیات وفنی تعلیم): جناب سپیکر! میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 7 کروڑ 46 لاکھ 59 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دیدی جائے جو کہ 30 جون 2012ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران فنی تعلیم وافرادی قوت کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

Mr. Speaker: The motion moved that a sum not exceeding rupees 7 crore, 46 lac, 59 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2012, in respect of Technical Education and Manpower.

Now the question before the House is that Demand moved by the honourable Minister may be granted? Those who in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The Demand is granted. The honourable Minister for Labour, please move Demand No. 30.

حاجی شیر اعظم خان وزیر (وزیر محنت): اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیم۔ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم۔ میں وزیر محنت صوبہ خیبر پختونخوا تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ -/310 روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دیدی جائے جو کہ 30 جون 2012ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران محنت کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

Mr.Speaker: Mr. Speaker: The motion moved that a sum not exceeding rupees 310 only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2012, in respect of Labour.

Now the question before the House is that Demand moved by the honourable Minister may be granted? Those who in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The Demand is granted. The honourable Minister for Information, please move Demand No. 31.

میاں افتخار حسین (وزیر اطلاعات): میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 96 لاکھ 50 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دیدی جائے جو کہ 30 جون 2012ء کو ختم ہونے سال کے دوران اطلاعات وتعلقات عامہ کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

مفتی کفایت اللہ: جناب سپیکر۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی مفتی صاحب! بیا د په زړه څه رااوریدل، میاں صاحب چې وګورې تاله هسې خوند درکوی۔

مفتی کفایت اللہ: شکریه جی۔

جناب سپیکر: تا ته د میاں صاحب ډیر، جی شعر ورته اول اووایه نو۔

مفتی کفایت اللہ: شعر خو دا دے جی:

غیروں سے کہا تو نے غیروں سے سنا تو نے
کچھ ہم سے کہا ہوتا کچھ ہم سے سنا ہوتا

جناب سپیکر: هائے هائے جی۔

مفتی کفایت اللہ: مهربانی جناب سپیکر صاحب۔ زهٔ خو یو خبره، مونږه اوریدلې ده، څلور کاله وشو او دا پنځم کال دے چې مونږ پخپله یو ټی وی Launch کوؤ او هر یو اے ډی پی کښې د هغې ذکر راځی او ټی وی نه راځی، دا داسې ده لکه د پاکستان څوارلسم تاریخ دے کنه د اګست، نو هغه خو راشی، د آزادئ والا او آزادی نه ده راغلې نو د ټی وی ذکر بیا ولې راځی چې هغه ټی وی نه راځی او اوس خو جی مازیګر دے نو مابنامه پورې به دا ټی وی راشی؟

جناب سپیکر: دا دومره ډیر چې لګیا وی نو د غه رنګ په دغه پوره شوې نه ده خبره۔ جی میاں صاحب۔

وزیر اطلاعات: زه جی د مفتی صاحب ډیر مشکور یم، واقعی ډیره اهمه خبره ده او خلق دا سوال کوی۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: د خپلې صوبې ټی وی۔

وزیراطلاعات: دا په گپ کښې وو خو دا خبره رښتیا ده او زه مشکور یم چې ډیر په خنده پیشانئ سره ده لږ نن مهربانی وکړه گنی د ده خو عادت داسې نه دے۔

(قہقہہ) زهٔ دا د ټی وی په حواله جی زمونږ رښتیا ډیر خواهش وو، په تازه کښې، سر کښې مونږ خبره کړې وه نو اول ریډیو نه وو او د ریډیو د پاره چې کوم دے نو مونږه هغه کار وکړو او په پیښور کښې دلته خیبر پختونخوا ریډیو مونږ شروع کړے دے۔

جناب سپیکر: سټارټ شو؟

وزیراطلاعات: د هغې تقریباً یونیم کال وشو او ورسره چې کوم ایف ایم ریډیو او داسې مو په مردان کښې شروع کړے دے او په هر یو ډسټرکټ کښې به دا مونږه یو-----

جناب سپیکر: ایف ایم شروع کوئ؟

وزیراطلاعات: ایف ایم ریډیو شروع کوؤ او د دې د پاره چې دا دوئ کومه خبره وکړه، زه به سپیکر صاحب، یو منټ ستاسو اخلم، مونږه د اباسین د پاره کوشش کوؤ چې دا کوم ټی وی دوئ یادوی-----

جناب سپیکر: جی جی، وخت لږ دے، وخت ډیر قیمتی دے، دا پرائم ټائم دے جی۔

وزیراطلاعات: بالکل ټائم ډیر قیمتی دے جی، اباسین ټی وی د پاره-----

جناب سپیکر: دا پرائم ټائم راته لږ بچ کوئ جی۔

وزیراطلاعات: زه جی لږ په ریکارډ راوستل غواړم چې اباسین ټی وی د پاره مونږ د دنیا کوشش وکړو او د دې د پاره پیسې پکار وې، اول اویس غنی صاحب چې د دې ځائے گورنر وو، هغه ماته یو ریکویسټ وکړو او بیا ئے وئیل چې پیسې پکار دی۔ بیا د هغې نه پس ما سی ایم صاحب ته خواست وکړو، دوئ ما له پیسې راکړې، اول هغوی وائی یو کروړ پکار دی بیا وائی دوه پکار دی، بیا وائی درې پکار دی بیا څلور، پینځه ما ومنل۔ خیر بیا ورپسې دلته یو میټنگ وشو، په میټنگ کښې دا خبره وشوه چې د دې سالانه اخراجات ډیر زیات دی او که تاسو سالانه اخراجات برداشت کوئ نو بیا درله مونږه اباسین ټی وی درکوؤ۔ ما

ورته اووئیل، زمونږه سالانه خرچ تقریباً سپیکر صاحب شل کروړه روپئ وی د کال، ما ورته وئیل بالکل زه ئے برداشت کوم خو په یو شرط چې د ایډورټائزمنټ په سلسله کومې پیسې راځی، هغه به مونږ له راکوئ نو چې کومې پیسې لګیدلې وی هغه به ایساروؤ او نورې بیا تاسو له درکوؤ، که تاوان کوی زما او که ګټه کوی نو ستاسو، دا فیصله مو کړې ده او هغوی وائی، په دې بنیاد وائی درکوؤ خو دا په ریکارډ راوستل غواړم چې هر ځل مونږ ورسره منلی دی، نه یم پوهه چې په دیکښې رکاوټ څه دے، نه د پیسو خبره شته، نه بل څه شته، څه د پالیسئ څه هیڅ به وی چې مونږ له اباسین نه راکوی او ځکه نه راکوی چې دلته یو نجی ټی وی هغه مخصوص طریقې سره چې مونږ هغه بله ورځ هم خبره کړې وه او د هغې نه پس نه د اسمبلئ کارروائی د هغوی به غورږ باندې لګی، نه زمونږ پریویلج موشن د هغوی به غورږ باندې لګی، نه د دې ځائے نه داسې کارروائی کیږی چې هغوی زمونږه د خپل منتخب خلقو خلاف کومه پروپیګنډه زهریلا کوی، هغوی ته فیلډ کهلاؤ دے او بل چا له اجازت نه ورکړے کیږی چې هغوی د پښتو ټی وی چینل دلته شروع کړی۔ د افغانستان ټی وی چینلې دی، دلته Land rights ورله مونږه اخستو، د هغې اجازت نه ورکوی، په افغانستان کښې د پاکستان د ټی وی د چینلو Land rights شته خو په دې ځائے کښې نه ورکوی۔ دلته د هندوستان چلیږی، دلته د برطانیه چلیږی، دلته د امریکې چلیږی خو افغانستان د پاره نشته دے ځکه نشته چې هغه د یو مخصوص ټی وی قبضه ده او هغه غواړی چې د پښتو په ذریعه باندې دلته خلق ګمراه کړی او د خلقو خلاف پروپیګنډه وکړی، په دې وجه باندې اباسین هم ایسار دے خو اوس چې کوم د دوئ خبره۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: میاں صاحب! سبا مونږه او تاسو په دې باندې یو دوه خبرې کوؤ۔

<u>وزیر اطلاعات</u>: دا یو سیکنډ چې دوئ کومې خبرې کړې دی، دا خو ما موقعې نه فائده واخسته او زمونږه فیزیبلټی تیر ځل وه، هغه مونږ Complete کړه، اوس دې ځل وزیر اعلیٰ صاحب او دوئ چې کومه مهربانی کړې ده، د هغې د پاره ئے مونږ له لس کروړه روپئ راکړې دی او زر تر زره به زه د خیبر پختونخوا خپل ټی

وی شروع کوم او د دشمنان زړه به پرې چوم او دلته به خپل تې وی شروع کیږی۔
ډیره مهربانی، شکریه جی۔

(تالیاں)

Mr. Speaker: Thanks. The motion moved that a sum not exceeding rupees 96 lac, 50 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2012, in respect of Information and Public Relation.

Now the question before the House is that Demand moved by the honourable Minister may be granted? Those who in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The Demand is granted. Hon`able Minister for Social Welfare, please move Demand No. 32.

محترمہ ستارہ ایاز (وزیر سماجی بہبود و ترقی خواتین): میں تحریک پیش کرتی ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ -/90 روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دیدی جائے جو کہ 30 جون 2012ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران سماجی بہبود، خصوصی تعلیم اور ویمن ایمپاورمنٹ کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

Mr. Speaker: The motion moved that a sum not exceeding rupees 90 only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2012, in respect of Social Welfare.

Now the question before the House is that Demand moved by the honourable Minister may be granted? Those who in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The Demand is granted. Hon`able Minister for Zakat and Ushr, please move your Demand No. 33.

جناب محمد زرشید (وزیر زکواۃ و عشر): جناب سپیکر! میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 91 لاکھ 28 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کے کرنے کیلئے دیدی جائے جو کہ 30 جون 2012ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران زکواۃ و عشر کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

مفتی کفایت اللہ: جناب سپیکر صاحب! اجازت ہے؟

جناب سپیکر: جی مفتی صاحب! په دیکښې څه وائې جی؟

مفتی کفایت اللہ: دا خو جی زما شعبه ده۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: څه شروع شه (قہقہے) جی مفتی کفایت اللہ صاحب۔

مفتی کفایت اللہ: زه خو جی د یو خبرې پښتنه کوم آنریبل وزیر صاحب نه چې د دې اتهارهویں آئینی ترمیم نه وروستو دا مکمل مونږ سره راغلې ده، زمونږ د سرکال د عشر محاصل څومره دی؟

جناب سپیکر: جی دا خو د دوئ کوئسچن، د هغه فریش دے، دې به څه جواب راکوی جی؟ خو دا اوس څه انفارمیشن شته؟

وزیر زکواۃ وعشر: جی، څه اتهارهویں ترمیم نه بعد مونږه چې کوم دے د دې د پاره یو سپیشل کمیټی جوړه کړې ده چې دا سوره سستم چې دے چې دا Review کړی او دویم د زکواۃ د عشر د Collection د پاره یو میکنیزم جوړوؤ، هغې باندې هم کار شوے دے او هغه مونږ پوره ډرافټ تیار کړے دے، ان شاءاللہ هغه مونږ کیبینټ ته ډیر زر پیش کوؤ او هغه به بیا اسمبلئ ته هم راشی۔

Mr. Speaker: Thank you ji, thank you. The motion moved that a sum not exceeding rupees 91 lac, 28 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2012, in respect of Zakat & Ushr.

Now the question before the House is that Demand moved by the honourable Minister may be granted? Those who in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The Demand is granted. Hon`able Minister for Auqaf / Haj, please move Demand No. 34. Mian Nisar Gul, on behalf of Minister for Auqaf…

میاں نثار گل کاکاخیل (وزیر جیلخانہ جات): میں یہ تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ -/30 روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دیدی جائے جو کہ 30 جون

2012ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران اوقاف، مذہبی امور اور اقلیتی امور اور حج کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

<u>Mr. Speaker:</u> The motion moved that a sum not exceeding rupees 30 only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2012, in respect of Auqqaf & Haj.

Now the question before the House is that Demand moved by the honourable Minister may be granted? Those who in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

<u>Mr. Speaker</u>: The 'Ayes' have it. The Demand is granted.

د مونځ وقفه کوؤ جی؟

<u>اراکین:</u> او جی، مونځ قضا کيږی وقفه وکړئ۔

<u>جناب سپیکر:</u> بس دا يو ډيمانډ چې وباسو، يو پيالئ چائے به هم بيا وڅښنکئ کنه جی۔

<u>وزیراطلاعات:</u> سپکر صاحب-----

<u>جناب سپیکر:</u> جی میاں صاحب څه وائی؟

<u>وزیراطلاعات:</u> ما وئیل چې اوس خو تازه تازه راغلئ بيا هم په سر درد شو۔

(قہقہے)

<u>جناب سپیکر:</u> نه دا مونځ له د ټولو طرف نه چټونه راروان دی او د ډیرو چټونه راغلل، د مونځ ټائم شوے دے نو۔

<u>ایک رکن:</u> مونږ خو وکړو۔

<u>جناب سپیکر:</u> نه خو تا وکړو کنه نورو خو نه دے کړے۔

<u>مفتی سید جانان:</u> سر، مونځ قضا کيږی وقفه وکړئ۔

<u>جناب سپیکر:</u> چلیں چلیں، ایک پندرہ منٹ کیلئے نماز اور چائے کے ایک کپ کیلئے وقفہ کیا جاتا ہے خو لږ پندره منټ، آج کوشش کریں کہ With in fifteen minutes واپس آجائیں، ڈیمانڈز ابھی بہت زیادہ ہیں اور آنریبل چیف منسٹر صاحب بھی ہیں۔

(ایوان کی کارروائی چائے اور نماز کیلئے ملتوی ہوگئی)

(وقفہ کے بعد جناب سپیکر مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب سپیکر: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ ۔ کس کو کہیں، قاضی صاحب! کس کو شروع کرنے کیلئے کہیں؟

قاضی محمد اسد خان (وزیر برائے اعلیٰ تعلیم): بس سر، سب آرہے ہیں۔

جناب سپیکر: میں نے ان کو کہا بھی تھا کہ جلدی آجائیں تاکہ، منسٹر فار سپورٹس ہیں؟

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: آپ شروع کر دیں، وہ آرہے ہیں۔

جناب سپیکر: نہیں، وہ آئے نہیں ہیں جس جس منسٹر کا کام ہے، وہ موجود نہیں ہیں تو کیا ان کی ڈیمانڈز Lapse کریں؟

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب سپیکر: آپ کا پوائنٹ آف آرڈر کیا ہے؟ آپ کی زبان فالتو ہے۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: سپیکر صاحب! کورم بھی پورا نہیں ہے۔

جناب سپیکر: کتنا ہے؟ دو منٹ کیلئے گھنٹیاں بجائی جائیں۔

(اس مرحلہ پر گھنٹیاں بجائی گئیں)

Mr. Speaker: Count down.

دو منٹ کیلئے دوبارہ گھنٹیاں بجائی جائیں۔

(اس مرحلہ پر گھنٹیاں بجائی گئیں)

جناب سپیکر: جی شروع کر دیں، بس کافی ہے، گھنٹیاں بند کر دیں۔

The Hon`able Minister for Sports, to please move Demand No. 36 or 35?

وزیر اطلاعات: جی جی، 35۔

جناب سپیکر: 35۔

سید عاقل شاہ (وزیر کھیل): شکریہ سپیکر صاحب۔ میں ایک تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ ایک کروڑ 72 لاکھ ایک ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دیدی جائے جو کہ 30 جون 2012ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران کھیل، ثقافت، سیاحت اور عجائب گھر کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

(شور)

<u>جناب منور خان ایڈوکیٹ</u>: جناب سپیکر صاحب۔

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی</u>: جناب سپیکر! ایک منٹ۔

<u>جناب سپیکر</u>: کیوں آپ کو سپورٹس سے زیادہ دلچسپی ہے؟

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی</u>: سر، صرف ایک منٹ کیلئے، سر ایک منٹ کیلئے۔

<u>جناب سپیکر</u>: ہاں جی۔

<u>حاجی قلندر خان لودھی</u>: سر، شاہ صاحب سے ایک بات کرنی۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: اچھا اچھا۔ ودریرہ منور خان ڈیر، منور خان بڑی مدت بعد، پھر اس کے بعد۔

<u>جناب منور خان ایڈوکیٹ</u>: سر، میں منسٹر صاحب کو وہ وعدہ یاد دلانا چاہتا ہوں جو ایک سال پہلے اس نے کیا تھا کہ گاؤں شاہ حسن خیل میں جو بلاسٹ ہوا تھا Suicide، انہوں نے وہاں پر کہا تھا کہ میں وہاں پر ایک سٹیڈیم بناؤں گا لیکن ابھی پچھلی جب کٹ موشن میں میری بات ہوئی تو انہوں نے کہا کہ ہم Next ADP میں ڈالیں گے تو اس دفعہ میری ADP میں مجھے نظر نہیں آیا کہ واقعی وہ شاہ حسن خیل کیلئے سپورٹس گراؤنڈ ہے کہ نہیں؟ تھینک یو، سر۔

<u>جناب سپیکر</u>: منسٹر صاحب ایسے بہت سے وعدے کرتے ہیں اور پھر بھول جاتے ہیں۔ جی بی بی، انہوں نے وہ بھی۔

(تالیاں)

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی</u>: نہیں جناب سپیکر صاحب! ایسی کوئی بات نہیں ہے، وزیر کھیل اور ثقافت اور یہ تمام جو ان کے پاس ڈیپارٹمنٹس ہیں، ٹورازم جو سیاحتی مقام کیلئے انہوں نے بہت زیادہ کام کیا اور خاص کر کھیلوں کیلئے جو کام ہوا ہے، اس سے کسی کو (تالیاں) کیونکہ تنقید برائے تنقید نہیں ہونی چاہیئے۔۔۔۔

<u>Mr. Speaker</u>: Very good.

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی</u>: کسی ایک انسان کی تعریف بھی کر دینی چاہیئے۔ سر، میں ان سے یہ پوچھنا چاہتی ہوں آپ کی وساطت سے کہ جب مرکز نے محکمے ان کو دے دیئے ہیں تو آیا PTDC کی جائیدادیں جو ہیں، وہ بھی ان کو ملی ہیں یا نہیں ملی ہیں؟

جناب سپیکر: جی قلندر خان لودھی صاحب! مختصر مختصر کوئ چې دا یو څو ډیمانډز دی۔

حاجی قلندر خان لودھی: منسٹر صاحب کا کام ہے، وہ تو سب ہی مانتے ہیں سپورٹس کے متعلق، میری تھوڑی سی اپنی ایک ذاتی ریکویسٹ ہے، یہ جو فیمیل کا یا لڑکیوں کا، خواتین کا جو انہوں سپورٹس میں ان کو کیا ہے، ٹھیک ہے وہ ہمارا نصف حصہ ہے آبادی کا، ان کا حق بنتا ہے لیکن اس کیلئے ذرا چادر اور چار دیواری کو مدنظر رکھا جائے، دین کے دائرے میں رکھ کر اس میں کیا جائے، ان کی کوچنگ کا خیال کیا جائے کہ کون کر رہا ہے؟

جناب سپیکر: لودھی صاحب! کیا وہ سپورٹس برقعے میں کرینگی، برقعہ پہن کر سپورٹس کرینگی؟

حاجی قلندر خان لودھی: نہیں سر جی، بات یہ ہے کہ ان کی کوچنگ جو ہے وہ ایک ایسا Aged آدمی ہو۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ پردہ وال ہو۔

حاجی قلندر خان لودھی: جو ان کی کوچنگ کرے، ایسا نہ ہو کہ لڑکوں سے ان کی کوچنگ کرائی جائے۔

جناب سپیکر: اچھا، میں Dress کی بات کر رہا تھا کہ Dress پہ آپ کو اعتراض ہے؟

حاجی قلندر خان لودھی: لڑکے لڑکیاں Mix نہ کئے جائیں کوچنگ میں، مطلب ہے کہ ان کو محدود رکھا جائے، ان کے ساتھ میل میلاپ بڑا محدود رکھا جائے اور وہ ادھر Compulsory ہو۔

جناب سپیکر: جی آنریبل منسٹر صاحب پلیز، آنریبل منسٹر فار سپورٹس، شاہ صاحب۔

سید عاقل شاہ (وزیر کھیل): سپیکر صاحب! میں ایک ایک جواب دینا چاہونگا، منور خان صاحب نے جو بات کی تو میں نے پہلے یہاں پر بھی یہ بات کہی تھی اور جو آپ نے اوپر سے Comments دیئے کہ وعدے کرتے ہیں اور پھر بھول جاتے ہیں، میں نے آج تک کوئی ایسا وعدہ نہیں کیا جو بھول جاؤں، میں باچا خان کا پیروکار ہوں اور وہ بات کرتا ہی نہیں ہوں جو بھول جاؤں۔

جناب سپیکر: بڑی اچھی بات ہے، بہت اچھی شاندار۔

وزیر کھیل: آپ یہ نوٹ کریں کہ میں نے پہلے بھی یہ کہا تھا اور اس وقت آپ ADP کی بات کر رہے ہیں، اگر آپ ADP میں دیکھیں تو وہاں پر کسی بھی ایک گراؤنڈ کے متعلق علیحدہ سے ذکر نہیں ہے، وہاں پر یہ لکھا ہوا ہے کہ Development of playgrounds in Khyber Pakhtunkhwa

اور جس گراؤنڈ کا یہ ذکر کر رہے ہیں، وہاں پر ہمارے والی بال کے Players آپ کو پتہ ہے کہ شہید ہوئے تھے، باقی اور کوئی گراؤنڈ بنے نہ بنے یہ گراؤنڈ ضرور بنے گا۔ میں آپ کو یہاں فلور آف دی ہاؤس کے اوپر بات کر رہا ہوں۔۔۔۔۔

(تالیاں)

<u>جناب سپیکر</u>: ان شاء اللہ۔

<u>وزیر کھیل</u>: لودھی صاحب کا جواب اس طرح دونگا جناب کہ ہم نے Already شروع کر دی ہے کوچنگ، آپ کو یہ پتہ ہے کہ جو لیڈی کوچز ہیں، وہ ہمارے پاس موجود نہیں تھیں، اب لیڈیز کو پہلے کوچنگ کیلئے کوچ کیا جائے گا جو Further جاکر پھر لڑکیوں کو کوچ کرینگی اور باقی جو چادر اور چار دیواری کی بات کی ہے تو حیات آباد سپورٹس کمپلیکس ہے، میں اس فلور آف دی ہاؤس پہ کہہ رہا ہوں کہ وہ لڑکیوں کی گیمز کیلئے مختص کر دیا جائے گا اور اس کے علاوہ ابھی جس وقت بھی جو ویمن گیمز ہوتی ہیں، وہ زیادہ آپ نے دیکھا کہ وہ فرنٹیئر کالج میں یا ہوم اکنامکس کالج میں یا جناح کالج میں اسی طرح آج صبح میں ایبٹ آباد گیا ہوں، وہاں پر ان کے ڈگری کالج میں ویمن کی گیمز زیادہ ہوتی ہیں اور ہمارے پاس کوئی اس قسم کا طریقہ نہیں ہے کہ لڑکوں کیلئے گراؤنڈز کم ہیں تو لڑکیوں کیلئے علیحدہ سے گراؤنڈ بنانا ہمارے لئے ذرا مشکل ہے، بہر حال انہوں نے جو بات کی ہے، وہ ہم اس کو نوٹ کرتے ہیں اور ان شاء اللہ تعالیٰ اس کے اوپر کارروائی کی جائے گی۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی۔

<u>وزیر کھیل</u>: نگہت بی بی نے بہت اہم سوال کیا اور میں ان کا مشکور ہوں کہ آپ نے یہ سوال کیا۔ اس کیلئے میں آپ سے ایک منٹ چاہونگا اور وہ اس طرح کہ 18th amendment کے بعد چند منسٹریز Devolve ہو کر صوبوں کے پاس آ گئیں۔ پراونشل اٹانومی کی بات ہو رہی ہے اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ PTDC کی جائیداد کے متعلق میں آپ کو بتاؤں، میں نے کئی بار یہ بات اس فلور آف دی ہاؤس پر بھی کی اور سٹینڈنگ کمیٹی میں بھی میں نے یہ بات کی، جس وقت یہ منسٹری Devolve ہوئی تو ہمارے پاس ایک لیٹر آ گیا جس میں یہ لکھا ہوا تھا کہ باقی سب جو آپ کے پاس سلسلہ ہے وہ آپ کو Devolve کرتے ہیں مگر PTDC کی جائیداد ہم اپنے پاس رکھیں گے۔ کہنے کا مطلب یہ ہوا کہ جو نقصان کا کام تھا، وہ ہمارے حوالے کر دیا اور جو فائدے کا کام تھا، وہ رکھیں گے تو میں نے اسی کے اوپر اپنے ہاتھ سے لکھا کہ اگر یہ بات

ہے، یہ ٹورازم منسٹری بھی آپ اپنے پاس رکھیں، میں ایک دفعہ پھر ڈیمانڈ کرتا ہوں فیڈرل گورنمنٹ سے In the spirit of the 18th amendment یہ جو جتنی بھی جائیدادیں ہمارے پاس ہیں، یہ صوبے کے حوالے کی جائیں اور یہاں پر ایک-----

<u>جناب سپیکر</u>: تاکہ ہم ان کو اچھا Develop کر سکیں۔

<u>وزیر کھیل</u>: یہاں پر ٹورازم کارپوریشن خیبر پختونخوا PTDC سے زیادہ فعال کارپوریشن ہے۔ PTDC کے پاس جو جائیدادیں ہیں، نہ ان کو Repair کرتے ہیں، نہ ان کو سنبھالتے ہیں۔ ان کے اوپر ظلم دیکھیں کہ دو سالوں سے انہوں نے اپنے سٹاف کی تنخواہیں بھی نہیں دی ہوئی ہیں۔ ہم نے جوان کو آفر دی ہے، وہ یہ دی ہے کہ جو PTDC کی جائیداد آپ ہمیں دیں تو Liabilities سمیت اور آپ کے سٹاف سمیت دینگے، کسی ایک سٹاف ممبر کو بھی ڈسٹرب نہیں کیا جائے گا اور دوسری بات یہ بھی آپ کو بتاؤں کہ عام لوگوں کو شاید اس بات کا پتہ نہ ہو کہ یہ PTDC کی جو جائیداد ہے، اس کی ملکیت جو ہے وہ ہمارے صوبے کے پاس ہے، ان کے پاس یہ لیز پہ ہے-----

<u>جناب سپیکر</u>: اچھا لیز ہے۔

<u>وزیر کھیل</u>: اور پھر وہ آپ کو واپس نہیں کرتے تو میں پھر سے یہ ڈیمانڈ کرتا ہوں کہ مہربانی کرکے فیڈرل گورنمنٹ اور یہ تو اس طرح نہیں ہو سکتا کہ اسلام آباد میں بیٹھ کر منسٹری ختم ہے اور ایک ,MD PTDC جو ہے، وہاں پر ہمیں کنٹرول کریگا۔

<u>Mr. Speaker:</u> Okay. The motion moved-----

<u>وزیر کھیل</u>: سپیکر صاحب، یہ تو وہ بات ہوئی کہ آسمان سے گرے اور کھجور میں اٹک گئے، پہلے منسٹر کے مرہون منت تھے، اب ایک ایم ڈی صاحب جو ہیں وہاں پر احکامات جاری کرتے ہیں۔ یہ اگر جائیدادیں انہوں نے ہم کو جلد از جلد واپس نہ کیں (تالیاں) تو یہاں پر ہمارے وزیر اعلیٰ صاحب بھی بیٹھے ہوئے ہیں اور یہ تمام ہاؤس بھی سن رہا ہے اور میڈیا بھی موجود ہے، اگر یہ جائیداد ہم کو انہوں نے واپس نہ کی تو یہ جائیدادیں میں ان شاء اللہ تعالیٰ اپنے Tenure میں ان سے زور سے لے لونگا۔

(تالیاں)

<u>Mr. Speaker</u>: The motion moved that a sum not exceeding rupees one crore, 72 lac, one thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in

course of payment for the year ending 30th June, 2012, in respect of Sports and Tourism.

Now the question before the House is that Demand moved by the honourable Minister may be granted? Those who in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The Demand is granted. Honourable Minister for Housing, Khyber Pakhtunkhwa, to please move his Demand No. 36.

(تالیاں)

جناب امجد خان آفریدی (وزیر ہاؤسنگ): مہربانی جی۔ (تالیاں) میں ایک تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم۔۔۔۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: ذرا صبر کریں۔

(تالیاں)

وزیر ہاؤسنگ: دس روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات۔۔۔۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: میاں صاحب! یہ بہت بڑا ویلکم ہوا، کیا خصوصیت ہے جی؟ ہاں جی۔

میاں افتخار حسین (وزیر اطلاعات): د بعضې بعضې خلقو غریبی د بادشاهانو نه بنه وی دا څکه ورته Clapping وشو۔

(قہقہے)

جناب سپیکر: ان کے بارے میں ایک بات بتادوں، انہوں نے ایک بہت اچھی ہاؤسنگ سکیم شروع کی ہے، میں نے ابھی ان سے بات بھی کی۔ جہاں سے اپنے لوگ بھاگ رہے ہیں، یہ ادھر جاکر ہاؤسنگ سکیم بنا رہے ہیں۔ (قہقہے) یہ ایک اور دلچسپ بات ہے۔

(تالیاں)

Mr. Speaker: Ji move your Demand, please.

جناب امجد خان آفریدی (وزیر ہاؤسنگ): جناب سپیکر صاحب! میں ایک تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ -/10 روپے سے متجاوز نہ ہو، (تالیاں) ان اخراجات کے

ادا کرنے کیلئے دیدی جائے جو کہ 30 جون 2012ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران ہاؤسنگ کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔ تھینک یو، سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب۔۔۔۔

(شور)

جناب سپیکر: جی منسٹر صاحب، دل کی بھڑاس تو نکالنے دیں، تھوڑا سا ان کو بولنے دیں، خیر ہے جی۔

وزیر ہاؤسنگ: سپیکر صاحب! آپ کی بڑی مہربانی، بہت بہت شکریہ۔ زۀ یو شو خبرې کول غواړم جی چې دا هاؤسنگ ډیپارټمنټ 2004ء کښې د دې بنیاد ایښودلے شوے دے۔ 2005ء کښې د پی ایچ اے، پراونشل هاؤسنگ اتهارټی قیام راغلو جی، د هغې نه بعد د جونیجو دور کښې چې کوم پلاټونه وو د صوبې سره، سابقه وزیر اعظم جونیجو صاحب جی، نو تین تین سو کنال، چار چار سو کنال په هره ضلع کښې پلاټونه وو او د هغه وخت نه تر اوسه پورې هغه پلاټونه هم داسې پراته وو، ما هاؤسنگ ډیپارټمنټ ته راوړل۔ په هغې کښې حویلیاں باندې کار شروع دے، اوس جی جرما هاؤسنگ سکیم باندې کار شروع دے، ملازئی هاؤسنگ سکیم باندې کار شروع دے جی۔ د دې نه اول ناساپه فلیټس وو جی، فیډرل گورنمنټ سره هغه مونږ پراونشل گورنمنټ ته راوړل جی، اوس به عنقریب هغه Complete شی۔ د هغې نه علاوه High rise flats دی حیات آباد کښې، اوډیگرام سوات کښې او د هغې نه علاوه مونږ نتهیا گلی، سوړیزئ بالا او د دې نه علاوه میگا سټی ده نوشهره، صوابئ سره، 55 thousand کنال ده او د هغې Section (iv) هم شوے دے، فیزیبلټی رپورټ هم تیار شو نو کوشش کوؤ چې د هغې د پاره د فنډز Availability وشی نو دا زمونږ محکمه چې ده، دا Total srength د دې 103 دے جی، په دیکښې 46 هغه ورځ اخبار کښې راغلی وو، صرف کلاس فور دی جی نو په 55 کسانو باندې دغه Workout کړے دے چې کوم مو اوس درته وښودلو۔ (قہقہہ) د دې نه علاوه تاسو به خفه یئ نو بیا څه نه شو کولے۔

(قہقہے)

جناب سپیکر: نہ میاں صاحب! ایک بات ہے، وزیر اعلیٰ صاحب بھی بیٹھے ہیں، ان کا منسٹر صاحب نے شکریہ ادا نہیں کیا، آج ان کی ہاؤسنگ سکیمز جو ڈوپینڈنگ تھیں، ان کیلئے، آج گیس کیلئے انہوں نے پیسے منظور کروالیے ہیں، ان کا تو شکریہ کم از کم ادا کریں نا۔

وزیر ہاؤسنگ: یہ آپ کی مہربانی سے ہوئے ہیں جی۔۔۔۔۔

(قہقہہ)

جناب سپیکر: نہیں وہ ریگی للمہ سے آپ آ بھی گئے، ریگی للمہ کب شروع ہوئی ہے؟

وزیر ہاؤسنگ: نہیں سپیکر صاحب، اس میں ایسا ہے کہ جو ہاؤسنگ سکیمز تھیں، ان کے پیسے الگ سے تھے، یہ آپ کے حلقے کا جو اس میں سے ایریا آ رہا ہے، اس کیلئے ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں، یہ چھ مرلہ سکیم ہے۔

(قہقہے)

وزیر ہاؤسنگ: یہ ہاؤسنگ سکیمز کیلئے نہیں، ہاؤسنگ سکیمز کیلئے 12 کروڑ روپے تھے، وہ پی ڈی ڈبلیو پی میں تھے، باقی سی ایم صاحب نے آپ کے اوپر مہربانی کی، آپ کے حلقے کے اوپر مہربانی کی ہے۔

جناب سپیکر: یہ Pensioners کیلئے؟

وزیر اطلاعات: سپیکر صاحب! نہ جی مونږه خو اوس خبر شو چې خبره ستاسو تر مینځه ده (قہقہے) او نور ئے مه چھېړئ، بس ئے کړئ کنه۔

(قہقہے)

جناب سپیکر: او دا خبره ټهیک وه۔ میاں صاحب! یہ چھ مرلہ سکیم ہے جو Pensioners کیلئے ہے اور انہوں نے بہت اچھا کام کیا ہے کہ اس پہ Pensioners کیلئے میں نے یہ بھاگ دوڑ کی ہے کہ ان کیلئے وزیر اعظم سے Special relaxation of ban میں نے کر لیا ہے اور میں فخر کرتا ہوں کہ میرے علاقے میں ایک اچھی سکیم غریبوں کیلئے شروع ہو گئی ہے، اب آپ اور کوشش کریں۔

وزیر اطلاعات: جناب سپیکر صاحب! د پښتو یو متل دے، وائی چې یا مې خان کړې او یا مې د خان چاکر کړې، نو چې نور هیڅ هم نه وی نو دومره وس خو د رسی کنه چې د بره نه شے راوړئ۔

(قہقہہ)

جناب سپیکر: اوس ورته یو بله خبره کومه، ما خو ورته هغه اشاره کښې اووئیل، داسې ښائسته هاؤسنگ سکیم دې هاؤس ته Referred business دے او ښکلے سائیټ دے، ریگی للمه ته Opposite په زرگونو جیربه زمکه ده او

Disputed وه او دواړه فریقه وائی چې دا واخلئ او نیم قیمت نه ایک بټه دس قیمت باندې ئے واخلئ، هغه سکیم دې ځل دغه کښې دوئ وانه چولو نو دغه لړ د افسوس خبره ده۔

(شور/مداخلت)

جناب عطیف الرحمان: هغه زمکه ئے هسې هم ورکوله۔

جناب سپیکر: دا ئے رښتیا چیئرمین دے، عطیف خان ئے چیئرمین دے د هغه کمیټئ۔ وزیر اعلیٰ صاحب! دا یو، عالمگیر خان! یو منټ کنه، وزیر اعلیٰ صاحب! لږ عطیف خان یوه گیله وکړه جی، یو هغه د ریگی للمه یو پورشن دے، هغه وائی چې هسی ئے هم ورکوؤ خو دا Dispute به حل شی۔ په دیکښې د هاؤسنگ سکیم حصه ئے وکړئ او دغه هاؤسنگ ډیپارټمنټ ته د اسمبلئ نه ریفر شوے دے نو دا پکښې په خپل تقریر کښې ضرور یاد ساتئ، د هاؤسنگ سکیم د پنشن (شور) نه، دا اے ډی پی نه فالتو سکیمونه وو،

The motion moved that a sum not exceeding rupees 10 only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2012, in respect of Housing.

Now the question before the House is that Demand moved by the honourable Minister may be granted? Those who in favour of it may say ‘Yes’ and those who are against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The ‘Ayes’ have it. The Demand is granted. Hon`able Senior Minister for Local Government, please move Demand No. 37.

